سوال

(133)صلوۃ عید کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صلوۃ عید کا حکم

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین نے نماز عیدین کو التزام سے ادا کیا اور شریعت نے اس دن شان و شوکت کے اظہار کے لیے لوگوں کو کھلے میدان میں جانے کا حکم دیا ہے حتیٰ کہ جو عورتیں اپنی مجبوری کی وجہ سے نماز نہیں پڑھ سکتیں انہیں بھی عید گاہ جانے کی تاکید ہے، اس بناء پر نماز عیدین کا ادا کرنا ضروری ہے۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس کے وجوب کا قول اختیار کیا ہے۔ (مجموع الفتاویٰ: ص161،ج23)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:153

محدث فتویٰ